## سوال

(209) ننگے سر نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ننگے سر نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ننگے سر نماز ہو جاتی ہے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے جواز ملتا ہے۔ مگر بطور فیشن لاپرواہی اور تعصب کی بنا پر مستقل اور ابد الآباد کے لیے یہ عادت بنا لینا جیسا کہ آج کل دھڑلے سے کیا جا رہا ہے ہمارے نزدیک صحیح نہیں۔ نبی علیہ السلام نے خود یہ عمل نہیں کیا۔ (اہل حدیث سوہدرہ جلد ۱۵، ش ۲۲)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

**جلد 04 ص 281**

محدث فتویٰ